DAY — 05 SEAT NUMBER | | | | | | |

2025 | II | 15 | 1100 | **J-282** | (U)

ORGANISATION OF COMMERCE AND MANAGEMENT (51)

Time : 3 Hrs. **(4 Pages)** **Max. Marks : 80**

ہدایات :- *(i)* تمام سوالات حل کرنا لازمی ہیں۔
(ii) دائیں طرف کے نشانات سوالات کے ہیں۔
(iii) بائیں جانب کے نشانات سوال کے کُل مارکس ہیں۔
(iv) ہر سوال کا جواب نئے صفحہ سے شروع کیجئے۔

سوال نمبر ۱:- (الف) مناسب متبادل کا انتخاب کر کے جملے دوبارہ لکھئے۔ **[20]** *(5)*

(۱) ..... کو سائنٹفک انتظامیہ کا باپ کہتے ہیں۔
(الف) ہنری فیول (ب) ایف ڈبلیو ٹیلر (ج) فلپ کوٹلر

(۲) ..... کے ذریعے وقت کی افادیت ہوتی ہے۔
(الف) گودام (ب) نقل وحمل (ج) بات چیت

(۳) تاجر سوسائٹی کے ..... ہوتے ہیں۔
(الف) نمائندے (ب) ممبران (ج) متولی (ٹرسٹی)

(۴) لفظ مارکیٹ ..... لفظ مارکاٹس 'Mercatus' سے اخذ کیا گیا ہے۔
(الف) فرانسیسی (ب) لاطینی (ج) اٹالین

(۵) بیمہ کا تلافی نقصان کا اصول ..... بیمہ کے لئے قابل اطلاق نہیں ہے۔
(الف) زندگی (ب) بحری (ج) آگ

(ب) درج ذیل بیانات کے لئے ایک لفظ/ محاورے/ ٹرم کا استعمال کیجئے۔ *(5)*

(۱) مناسب تنخواہ/ اجرت پر صحیح شخص کو مناسب نوکری دینا۔

(۲) آن لائن لین دین کا پہلا مرحلہ۔

(۳) منافع کے ذریعہ حوصلہ افزائی کی سرگرمی۔

(۴) وہ جو کسی شئے یا خدمت کو استعمال یا صرف کرتا ہے۔

(۵) کسی شئے/ پروڈکٹ کو علاحدہ نام دینا۔

(ج) درج ذیل جملے صحیح ہیں یا غلط لکھئے۔ *(5)*

(۱) انتظامیہ کا ہر کام منصوبہ بندی کی بنیاد پر نہیں ہوتا۔

(۲) ای۔تجارت ہمیں ساری دنیا میں کسی بھی فیلڈ میں کام کرنے کی منظوری دیتا ہے۔

(۳) تجارتی اخلاق قاعدے قانون پر عمل کرتا ہے۔

(۴) صارف تحفظ ایکٹ اشیاء تیار کرنے والے کو تحفظ دیتا ہے۔

(۵) فضائی نقل وحمل سب سے سستا ہوتا ہے۔

(د) غیر متعلق الفاظ معلوم کیجئے۔ *(5)*

(۱) ضلعی کمیشن، ریاستی کمیشن، **NGO**، قومی کمیشن۔

(۲) NABARD، RBI، SIDBI، EXIM

(۳) ڈیبٹ کارڈ، کریڈیٹ کارڈ، آدھار کارڈ، *ATM* کارڈ۔

(۴) تحریر، منصوبہ بندی، تنظیم کاری، عملہ کاری۔

(۵) قیمت، عوام، ترقی (Promotion)، شئے/ پروڈکٹ۔

سوال نمبر۲ :- درج ذیل اصطلاح/ تصوّر بیان کیجئے۔ (کوئی چار) **[8]**

(۱) تحریک مطالعہ (Motion study)

(۲) قابو کرنا (Controlling)

(۳) محصول نہ ادا گودام (Bonded warehouses)

(۴) صارف تحفظ۔

(۵) ای میل۔

(۶) رابطہ کاری (Co-ordinating)

سوال نمبر۳ :- درج ذیل کیس/ حالات کا مطالعہ کیجئے اور اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔ (کوئی دو) **[6]**

(۱) مسٹر شرد ایک تاجر ہے۔ اس کی فیکٹری پونا اور ناسک میں ہے۔ وہ پونا میں اپنی بیوی اور دو بیٹیوں کے ساتھ رہتا ہے جن کی عمر 5 سال اور 8 سال ہے۔

(a) کیا مسٹر شرد ایک جیون بیمہ پالیسی اپنی بیوی اور دونوں بچّوں کے لئے لے سکتا ہے؟

(b) کیا مسٹر شرد اپنی فیکٹریوں کے لئے آبی بیمہ پالیسی لے سکتا ہے؟

(c) مسٹر شرد اپنی فیکٹریوں کو آگ کے نقصان سے بچانے کے لئے کون سی بیمہ پالیسی لے سکتا ہے؟

(۲) مسٹر سوریش نے اپنی ادائیگی چیک کے ذریعہ کی۔ اسی وقت مسٹر سَکشم نے اپنی ادائیگی فنڈ ٹرانسفر کے ذریعے کی۔

(a) کس کی ادائیگی کی رفتار تیز ہے؟

(b) کس کی ادائیگی کا تعلق قدیم تجارت سے ہے؟

(c) کس کی ادائیگی کا تعلق ای۔تجارت سے ہے؟

(۳) ایک تنظیم پینٹ تیار کرتی ہے اور کئی سالوں سے بازار میں اس کو امتیازی حیثیت حاصل ہے۔ وہ اپنی فیکٹری کے زہریلے اخراج کو ندی کے کنارے پھینکتے ہیں جس نے اطراف کے دیہاتوں میں صحت کے مسائل پیدا کئے ہیں۔

(a) اشیاء تیار کرنے والی تنظیم کے ذریعے کون سی ذمہ داری کو نظرانداز کیا جا رہا ہے؟

(b) وہ کون سی آلودگی پیدا کر رہے ہیں؟

(c) کوئی ایک احتیاطی تدبیر بیان کیجئے جو انھیں لینے کی ضرورت ہے؟

سوال نمبر۴ :- فرق واضح کیجئے۔ (کوئی تین) **[12]**

(۱) سڑک نقل وحمل اور آبی نقل وحمل۔
(۲) زندگی بیمہ اور آتشی (آگ) بیمہ۔
(۳) منتظم کاری اور عملہ کاری
(۴) ضلعی کمیشن اور ریاستی کمیشن

سوال نمبر۵ :- مختصر جواب دیجئے۔ (کوئی دو) **[8]**

(۱) ہنری فیول کے کوئی چار انتظامیہ کے اصول بیان کیجئے۔
(۲) صارف کی کوئی چار ذمہ داریاں بیان کیجئے۔
(۳) بازارکاری کے کوئی چار کام بیان کیجئے۔

سوال نمبر۶ :- درج ذیل بیانات کا تجزیہ کیجئے۔ (کوئی دو) **[8]**

(۱) تنظیم کاری انتظام کے ساتھ ساتھ تنظیم کے عمل کو آسان بناتی ہے۔
(۲) صارفین کی تنظیمیں اور غیر حکومتی تنظیمیں صارف کی تعلیم میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔
(۳) روایتی تجارت کی بہ نسبت برقی تجارت کی شروعات آسان ہے۔
(۴) معاشرے کی توقعات تجارت کی جانب بدل رہی ہیں۔

سوال نمبر۷ :- درج ذیل حل کیجئے۔ (کوئی دو) **[10]**

(۱) ایک منتظم تاجر کے کام بیان کیجئے۔
(۲) صارفین کے لئے بازارکاری کی اہمیت بیان کیجئے۔
(۳) انتظامیہ کے اصولوں کی نوعیت بیان کیجئے۔

سوال نمبر۸ :- درج ذیل ذیل کو مفصل بیان کیجئے۔ (کوئی ایک) **[8]**

(۱) بازارکاری کے عوامل (Marketing mix) کیا ہیں؟
بازارکاری کے عوامل کے *7P's* بیان کیجئے۔
(۲) بینک کیا ہے؟ تجارتی (commercial) بینک کے ابتدائی کاموں کو تفصیل سے بیان کیجئے۔

◆◆◆